16/02/2026

07.40 PM

## ہیڈ لائینز

* .......دفعہ370کی تنسیخ کے بعد کشمیر سمیت شمالی مشرقی اور ماؤنواز سے متاثرہ علاقوں میں تشد د میں 80فیصد کمی واقع //مرکزی وزیر داخلہ ۔

* .......لیفٹنٹ گورنر نے جموں کشمیر کے 14سیاحتی مقامات کو فوری طور پر دوبارہ کھولنے کے احکامات کئے جاری ۔

* .......جموں میں زیر تعمیرنیا اسمبلی کمپلیکس اکتوبر 2027 میں مکمل ہونے کی امید// نائب وزیر اعلیٰ نے لیا تعمیراتی کاموں کا جائزہ ۔

* .......گاندربل ضلع میں جموں کشمیر پولیس کی طرف سے، کروڑوں روپے کے جعلی آن لائن سرمایہ کاری سکینڈل کا پردہ فاش۔

## امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ دفعہ370کی تنسیخ کے بعد کشمیرسمیت شمال مشرقی اور ماؤ نواز سے متاثرہ علاقوں میں تشدد 80فیصد کم ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ وہ دن دور نہیں جب یہ تینوں خطے تشدد سے مکمل طور پر پاک ہو جائینگے۔دلی پولیس کے یوم تاسیس کے موقعے پر انہوں نے کہاکہ ملک کی 11ریاستوں میں پہلے ماؤ نوازوں کی دہشت گردی ملک کی داخلی سلامتی کیلئے ایک بڑا چلینج رہا ہے۔

وزیر داخلہ نے کہا کہ دلی پولیس سپیشل سیل انٹیگریٹیڈ ہیڈ کواٹروں کا سنگ بنیاد رکھنا قومی راجدھانی میں پولیس نظام کو مزیدمستحکم کرنا ہے۔انہوں نے کہاکہ یہ ہیڈ کواٹرس 345کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے تعمیر کئے جائیں گے اور یہ ملک میں دہشت گردی اور منشیات کی سمگلنگ کا مقابلہ کرنے کیلئے جدید سینٹروں کے طور پر ابھریں گے۔

## ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے جموں کشمیر میں چودہ مزید سیاحتی مقامات کوفوری طور پر دوبارہ کھولنے کے احکامات جاری کئے ہیں ۔ ان میں سے گیارہ مقامات وادی کشمیر اور تین مقامات جموں ڈویژن کی ہیں۔

احتیاطی اقدام کے طور پر عارضی طور سے بند رکھنے کے بعد ان مقامات کو کھولنے کا یہ فیصلہ تفصیلی صلاح و مشورے اور سکیورٹی جائزے کے بعد لیا گیا ہے ۔ کشمیر وادی کے گیارہ مقامات میں بڈگام ضلع کی یوسمرگ اور دودھ پتھری// کوکرناگ کی دندی پورہ پارک // شوپیان کی پیر کی گلی ، دبجن اور پاد پوَن// سرینگر کا ٹولپ گارڈ ن اور استان پورہ // گاندربل کا تھاجواس گلیشر اور ہنگ پارک // اور بارہمولہ کا وُلر وٹلب شامل ہیں۔

اسی طرح سے جموں ڈویژن کی تین سیاحتی مقامات میں ریاسی ضلع کی دیوی پِنڈی//رام بن کا مہو منگت //اور کشتواڑ ضلع کا مغل میدان شامل ہیں۔
واضح رہے کہ کشمیر کی تین سیاحتی مقامات گُریز ، اٹھوتو اور بنگس نیز رام بن کے رام کُنڈ سیاحتی مقامات کو برف ہٹانے کا کام مکمل ہونے کے بعد کھول دیا جائے گا۔

**<u>سمٹ</u>**

نئی دلی میں India AI Impact Summit-2026 عالمی خطہ جاری ہے ۔ یہ پانچ روزہ کانفرنس، جنوب کے ممالک کی میزبانی میں مصنوعی ذہانت سے متعلق اب تک کی پہلی عالمی کانفرنس ہے ۔ یہ اجلاس آرٹیفیشیل انٹلیجنس سے متعلق عالمی ایجنڈے کو سمت عطا کرنے کیلئے ایک اہم AIکے عالمی اشتراک کے پلیٹ فارم کے طور پر بھارت کے کردار کو مستحکم کرے گا۔ یہ سلسلے میں بھارت کو ایک کنوینر اور شراکت دار کے طو رپر قائم بھی کرے گا۔

اس سمٹ میں سو سے زیادہ ممالک کو مدعو کیا گیا ہے اور 2لاکھ سے زیادہ افراد نے آن لائن اپنا اندرا ج کرایا ہے ۔ 20ملکوں کے عالمی رہنما اس تقریب میں شرکت کر رہے ہیں۔

**<u>سمٹPM</u>**

اس دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ہم وطنوں کیلئے بہت فخر کی بات ہے کہ دنیا بھر کے لوگ India AI impact Summit میں شرکت کیلئے بھار ت آر ہے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے اس سمٹ کیلئے دنیا بھر سے آنے والے عالمی رہنماؤں ، صنعتی لیڈروں ، اختراع کاروں ، پالیسی تیار کرنے والوں ، تحقیق کاروں اور تکنیکی ماہرین کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

انہوں نے زور دے کر کہا کہ یہ موقع اس بات کا ثبوت ہے کہ بھارت سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے اور عالمی ترقی میں اہم رول ادا کر رہا ہے۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ اس انعقاد سے ملک کے نوجوانوں کی صلاحیت کی بھی عکاسی ہوتی ہے۔

**<u>نائب وزیر اعلیٰ</u>**

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ جمونمیں تعمیر ہو رہا ہے۔ جدید قسم کا اسمبلی کمپلیکس اکتوبر2027میں کام کاج کیلئے تیار ہوگا۔آج کمپلیکس کی تعمیرکامعائینہ کرتے ہوئے انہوں نے اس کی بر وقت تکمیل یقینی بنانے کیلئے متعلقہ افسروں اور عمل آوری ایجنسیوں کو معیار بر قرار رکھتے ہوئے کام کی رفتار بڑھانے کی ہدایت دی۔

نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نئے اسمبلی کمپلیکس کی تعمیر میں کسی بھی طرح کی تساہل پسندی نا قابل قبول ہوگی اور یہ کہ اس کی بر وقت تکمیل کے بعد2028کا بجٹ اجلاس اسی عمارت مینمنعقد کیا جائے گا۔

## چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آفات سے متاثرہ کنبوں کو موثر اور بر وقت امداد پہنچانے پرزور دیاہے۔ محکمہ ڈیزاسٹر منیجمنٹ ، امداد ، باز آباد کاری اور تعمیر نو کی سٹیٹ ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ میں انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر میں قدرتی آفات سے متاثر ہونے والے کنبوں کے پاس سرکاری امداد کے سوا کوئی دوسرا راستہ نہیں ہوتا ہے۔

انہوں نے کہاکہ متاثرین تک امداد پہنچانے میں کسی طرح کی تاخیر کے بغیر نہیں اس عمل کو ادارہ جاتی شکل دی جانی چاہئے ۔

## گونگل

سکاسٹ کشمیر مین تین روزہ 11 واں ایگری ٹیک گونگل کسان میلہ آج بھی جاری رہا ۔ پچھلے دو دنوں کے دوران اس میلے میں بڑی تعداد میں عام لوگوں اور کسانوں نے شرکت کی ۔ کل کنکلیو کا انعقاد کیا گیا ۔ کنکلیو سے خطاب FPO زرعی یونیورسٹی میں میلے کے تحت ایک FPO کرتے ہوئے یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے جموں کشمیر میں نظام کو مزید مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ۔

آج میلے کے تیسرے اور آخری دن بھی کا فی تعداد میں عام لوگوں اور کسانوں نے میلے میں شرکت کی، جنہوں نے وہاں وہاں پیڑ پودے ، بیج اور دیگر سامان کی خریداری کے ساتھ ساتھ کاشتکاری کے جدید طور طریقوں کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

## بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس
پر بھیج سکتے ہیں ۔ Radiokashmir@gmail.com

## اطلاع

سامعین!ہمارے خبروں کے بلٹینز کے حوالے سے ایک ضروری اطلاع:۔

ماہ رمضان کے دوران ہمارے یہاں سے نشر ہونے والا گوجری خبروں کا بلٹین شام 5بجکر50منٹ کے بجائے 5بجکر45منٹ پر نشر ہوا کرے گا۔

اسی طرح سے شام 6بجکر25منٹ پر نشر ہونے والا کشمیری خبروں کابلٹین اس ایک مہینے کے دوران شام 5بجکر55منٹ سے 6بجکر10منٹ تک نشر ہوا کرے گا۔

**<u>سکینڈل</u>**

**جموں کشمیر پولیس نے ایک اہم کامیابی کے طور پر گاندربل ضلع مینکروڑوں روپے کے جعلی آن لائن سرمایہ کاری کے غبن کا پردہ فاش کرکے 9افراد کی گرفتاری عمل میں لائی ہے۔تفصیلات کے مطابق صفا پورہ گاندربل کے رہنے والے فردوس احمد میر نامی شخص کی طرف سے ایک شکایت ملنے پر گاندربل پولیس نے ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دے کر ہریانہ کے رہنے کو بطور سرغنہ شناخت کیا ، جو کشمیر کے Dr.Ekant Yogdutt ڈاکٹر ، MBBS والے ایک رہنے والے کچھ دیگر افراد کے ساتھ مل کر آن لائن سرمایہ کاری کے جھانسے میں لوگوں کو لوٹنے کا ماہر ہے۔**

**گاندربل خلیل احمد پوسوال نے اس بڑے اسکینڈل کے بارے میں ایک پریس کانفرنس کے SSP دوران بتایاکہ پولیس209 کروڑ روپے کے غبن کا پردہ فاش کیا ہے۔**

*** ........اب پیش ہیں منشیات کے خلاف پولیس اور دیگر عوام دوست سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔**

**<u>کشمیر پولیس</u>**

**جموں کشمیر پولیس نے بارہمولہ کے گوئیگام علاقے سے غیر قانونی طور سے سمگل کی جارہی تعمیراتی لکڑی ضبط کی ہے . اس سلسلے میں پولیس اسٹیشن کنزر میں ایک کیس درج کیا گیا ہے۔**

**ایکٹ سے متعلق تین روزہ تربیتی پروگرام اختتام پذیر ہوا NDPSضلع پولیس لائنز شوپیان میں آج . پروگرام کے دوران ضلع کے مختلف پولیس مراکز کے تحقیقاتی افسران کو مزیدقانونی معلومات فراہم کی گئیں۔**

**پلوامہ میں آج سوک ایکشن پروگرام کے تحت منعقدہ لڑکے اور لڑکیوں کا باسکٹ بال ٹورنا منٹ اختتام پذیر ہوا . اختتامی تقریب پر ایس ایس پی پلوامہ تنو شری نے کہا کہ کھیل سرگرمیاں نہ صرف جسمانی نشو ونما کیلئے ضروری ہے بلکہ اس سے نوجوانوں میں نظم و ضبط ، اعتماد سازی اور ٹیم سپرٹ کے جذبے کو تقویت ملتی ہے۔**

**کو سر بمہر JCBsاسی دوران شوپیان پولیس نے معدنیات کی غیر قانونی کان کنی میں ملوث دو کیا ہے۔**

**<u>مطالبہ</u>**

**عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں**

کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے، تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔

## ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا نمبر9419678060 ہے ۔ اس بارے میں ACB کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

## این سی

نیشنل کانفرنس نے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی زیر قیادت موجودہ حکومت نے ترقیاتی منصوبوں کو نئی رفتار دی ہے اور شفاف طرز حکمرانی کو فروغ دینے کے علاوہ نوجوانوں کیلئے روز گار کے مواقعے پیدا کرنے پرخصوصی توجہ دی ہے۔ان باتوں کا اظہار پارٹی کے صوبائی صدر کشمیرایڈوکیٹ شوکت احمدمیر نے آج پارٹی ہیڈ کواٹر سرینگر میں گاندربل کے تنظیمی عہدیداروں اور سینئر اراکین کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہاکہ نیشنل کانفرنس ایک مضبوط ، منظم اور عوام دوست سیاسی جماعت کے طورپر اپنی منفرد شناخت رکھتی ہے۔اسی دوران نیشنل کانفرنس کی خواتین ونگ کی صوبائی صدر انجینئر صبیہ قادری کی صدارت میں حلقہ انتخاب لال چوک کی خواتین لیڈروں کا ایک اجلاس منعقد ہوا ۔ انہوننے کہاکہ عوامی مشکلات کا حل اور تیز رفتار ترقی عمر عبداللہ کی حکومت کی ترجیح ہے۔

## شاہین

جنتادل یونائٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے سرکار سے اپیل کی ہے کہ وہ آنے والے مقدس ماہ رمضان کے دوران صارفین کیلئے بجلی کی منظم سپلائی یقینی بنانے کے علاوہ بازاروں میں اشیاءضروریہ کی چیزوں کے معیار اور قیمتوں کے اعتدال کو یقینی بنائے۔

## BJP

BJP پردیش کے بعض سینئر لیڈروننے چندی گڑ ھ میں منعقدہ کردہ پنڈت دین دیال اوپادھیائے پریشِکشن مہا بھیان 2026میں سرگرمی کے ساتھ شرکت کی ۔

BJP کے قومی جنرل BJP اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما اورBJP نارتھ زون ورکشاپ میں پردیش سیکریٹری ترون چُگ نیز کچھ دیگر لیڈروں نے حصہ لیا۔

**<u>تعزیت</u>**

**جموں کشمیر پولیس کے تمام اہلکاروں اور افسروں نے سابق آئی جی پی محمد اشرف بیدارکے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ کشمیر زون پولیس کی طرف سے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مرحوم کی خدمات کو یاد کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا گیا ہے ۔**

**<u>ہماری ذمہ داری</u>**

**سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔**

**کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک سماجی کارکن ضحی شبیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔**

**پاسپورٹ**

**پاسپورٹ خدمات کی بڑھتی مانگ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے پاسپورٹ آفس سرینگر نے 21 فروری کو ایک خصوصی مہم چلانے کا فیصلہ کیا ہے ۔**

**ریجنل پاسپورٹ آفیسر سرینگر نے کہا ہے کہ اس خصوصی مہم کے تناظر میں 21 فروری کو پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر اننت ناگ اور پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر بارہمولہ کام کاج کے لئے کھلے رہیں گے ۔**

**شہر شہر منظر**

**عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو گی۔**

**خواہشمند افراد دئے گئے نمبر پر کال کر کے اپنے مسائل یا شکایات ریکارڈ کر وا سکتے ہیں ۔**

**<u>عرس</u>**

**حضرت سید شمس الدین ختلانیؒ کا 644واں سالانہ عرس 18اور19فروری کوان کے آستان عالیہ واقع نواب بازار سرینگر میں عقیدت و احترام کے ساتھ منایاجائے گا۔اسی طرح سے حضرت شاہ قاسم حقانیؒ کا سالانہ عرس بھی 18اور19فروری کو ہی منایاجا ئے گا۔**

**موسم**

**محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت16اعشاریہ6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت صفراعشاریہ1ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت25اعشاریہ6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت11اعشاریہ5ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**